© rasailojaraid.com



وہ سب الفاظ آگئے ہیں جو نئے قسم کے اشتقاقات کے ساتھ آج کل عموماً عربی کے اخبارات ومجلات میں مستعمل ہوتے ہیں۔ اس بنا پر عربی زبان کے اساتذہ اور طلبا دونوں کیلئے یہ کتاب بڑی مفید ہوگی

لغات القرآن از عبدالکریم صاحب پاریکھ۔ تقطیع خورد ضخامت ۳۰۰ صفحات کتابت وطباعت متوسط درجہ کی قیمت ۳/- پتہ: محمد عبدالرشید خان۔ مین روڈ۔ کامٹی ضلع ناگپور۔

یہ ایک مختصر کتاب ہے جس میں پہلے چند صفحات میں عربی زبان کے چند صرفی اور نحوی قواعد اور ان کی مشقیں ہیں اور اس کے بعد قرآن مجید کے خاص خاص الفاظ کا اردو ترجمہ سورت وار لکھا گیا ہے۔ عربی کے مبتدی طلبا ر اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔


احادیث نبویؐ کے گلوں سے اپنا دامن بھر لیجئے

تفہیم المسلم

حدیث کی معروف کتاب مسلم شریف کی مستند اور مکمل شرح

افادات
- علامہ شبیر احمد عثمانی رح
- علامہ محمد ابراہیم بلیاوی رح
- مولانا سید حسین احمد مدنی رح
- مولانا سید محمد بدر عالم مدنی رح

خصوصیات
- متنِ حدیث مکمل سند اور اعراب کے ساتھ
- سلیس اردو ترجمہ
- حدیث کی مکمل وضاحت
- پرمغز علمی مباحث اور نادر تحقیقات پر مشتمل حواشی

تدوین: ھلال عثمانی

اتنی بڑی کتاب کا بیک وقت ہر شخص کے لئے خریدنا اور ہمارے لئے چھاپنا دشوار ہے۔ اس لیے ہر دو ماہ میں ایک حصہ (جز) شائع کیا جاتا ہے۔ ہر حصہ کی ضخامت ۳۰×۲۰/۸ سائز پر کم وبیش ڈیڑھ سو صفحات ہوتی ہے۔ پوری کتاب اندازاً تیس حصوں پر مکمل ہوگی۔ ایک حصہ کی عام قیمت ڈاک خرچ کے علاوہ ۳/۵۰

● جو حضرات اس پورے سلسلہ کی خریداری قبول فرماتے ہوئے مکمل سلسلہ کے لیے صرف ایک مرتبہ دو روپے فیس ممبری روانہ فرمادیں گے ان کو ہر حصہ ساڑھے تین روپے کے بجائے صرف دو روپے میں پیش کیا جائے گا اور ایک روپیہ ڈاک خرچ ملا کر کل تین ۳/ روپے کی وی پی کی جائے گی۔

پتہ: دارالمعارف دیوبند (یوپی)




© rasailojaraid.com